فوری ریلیز کے لیے: 29/3/2023 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے بفلو میں بزرگ شہریوں کے لیے 17$ ملین کے سستے مخلوط استعمال والے رہائشی ترقیاتی کام کی تکمیل کا اعلان کیا ہے***

***لا پلازا ڈی ورجینیا کی جانب سے بزرگ شہریوں کے لیے کمیونٹی کا بزرگ شہریوں کا خدمت مرکز، کیفے، اور صحت کے وسائل پر مشتمل 46 سستے اور معاونتی گھر پیش کیے گئے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج لا پلازا ڈی ورجینیا کی تکمیل کا اعلان کیا، جو کہ 17$ ملین کا مخلوط استعمال والا رہائشی ترقیاتی کام ہے جو بفلو میں بزرگ شہریوں کے لیے 46 سستے اور معاونتی گھر فراہم کرتا ہے۔ شہر کے مغربی جانب نئے تعمیر شدہ ترقیاتی کام میں ایک ریسٹورنٹ اور کمیونٹی سروس کی سہولت گاہ بھی موجود ہے جہاں بالغوں کے تفریحی دن کا پروگرام منعقد کیا جائے گا جو عام عوام کے لیے کھلا ہو گا۔

"لا پلازا ڈی ورجینیا بزرگ شہریوں کو ایک محفوظ، مستحکم اور سستا گھر فراہم کرتا ہے جس میں وسائل کے ایک بھرپور سلسلے تک رسائی حاصل ہے جو ایک صحت مند اور خودمختار زندگی گزارنے میں انہیں مدد فراہم کرے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ترقیاتی کام ریاست کی طرف سے کی گئی ایک اور اہم سرمایہ کاری ہے تاکہ بفلو کے نواحی علاقوں کو مضبوط بنایا جائے، شہر کے احیائے نو کی جاری کوششوں میں معاونت کی جائے اور ہمارے سب سے زیادہ زدپذیر رہائشیوں کو رہائش کے ایسے اختیارات فراہم کیے جائیں جو ترقی کرنے کے لیے انہیں درکار ہیں۔"

آج کا اعلان گورنر Hochul کے رہائشی معاہدے کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ ایک کثیر الجہت حکمتِ عملی ہے جو کہ اگلی دہائی میں 800,000 نئے گھروں کو تعمیر کرتے ہوئے نیویارک میں رہائش کی تاریخی کمی کو پورا کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔ رہائشی عہد رہائش کی پیداوار میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے، نئی تعمیرات کی ترغیب دینے، اور ہر علاقے میں رہائش کے مقامی اہداف مقرر کرکے ترقی کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ یہ رہائشی عہد، پچھلے سال گورنر کے 25$ بلین کے جامع رہائشی منصوبے کے آغاز کے بعد تشکیل دیا گیا ہے جس کے تحت نیویارک بھر میں 100,000 سستے گھر بنائے یا محفوظ کیے جائیں گے جن میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں سمیت، 50,000 اضافی گھروں کی برق کاری بھی شامل ہے۔

254 ورجینیا اسٹریٹ پر واقع، لا پلازا ڈی ورجینیا سے، طویل مدت سے بے آباد، خستہ حال جگہ کو تین منزلہ عمارت میں تبدیل کر دیا جائے گا جس میں ایک بیڈ روم والے 46 اپارٹمنٹس شامل ہیں، یہ سب بزرگ شہریوں کے گھرانوں کے لیے حسبِ استطاعت ہیں جن کی آمدنی ایریا میڈین انکم کا 60 فیصد یا اس سے کم ہے۔

سابقہ بے گھر بزرگ شہریوں کے لیے چودہ اپارٹمنٹس مختص کیے گئے ہیں جو ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ معاونتی رہائش کے اقدام ( Empire State Supportive Housing Initiative، ESSHI) کے ذریعے آن سائٹ معاون خدمات حاصل کریں گے اور ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کے زیر انتظام ہیں۔ ان امدادی خدمات میں جامع نگہداشت کا انتظام، منشیات کی لت اور دماغی صحت کی معاونت، مشاورت، ادویات کا ذاتی انتظام، نگہداشتِ صحت کی رابطہ کاری، وکالت، تفریح، تعلیمی اور تربیتی ورکشاپس کے علاوہ کمیونٹی پر مبنی خدمات کے حوالہ جات اور ربط شامل ہیں۔

پورٹو ریکن کھانا پیش کرنے والے مقامی ریسٹورنٹ کے علاوہ، رہائشی ہر منزل پر موجود 4,000 مربع فٹ کے اجتماعی صحن، لاؤنج اور لانڈری کے کمروں سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ لا پلازا ڈی ورجینیا کو انٹرپرائز گرین کمیونٹیز کے معیارات کو پورا کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا ہے اور تمام اپارٹمنٹس میں انرجی سٹار کے آلات استعمال کیے جائیں گے۔ لا پلازا ڈی ورجینیا کے ڈویلپر ہسپانوز یونیڈوز ڈی بفلو ( Hispanos Unidos de Buffalo، HUB) ہیں، جو بفلو میں قائم شدہ ایک کثیر خدمت غیر منفعتی ادارہ ہے جو اکاسیا نیٹ ورک سے ملحقہ ہے۔ اکاسیا نیٹ ورک کے ذریعے معاونتی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

لا پلازا ڈی ورجینیا کے لیے ریاستی سرمایہ کاری میں وفاقی اور ریاستی کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس شامل ہیں جو HCR سے 10.6$ ملین ایکویٹی اور 3.1$ ملین سبسڈی پیدا کریں گے۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ نے بیٹر بفلو فنڈ کے ذریعے 1.9$ ملین قرض فراہم کیا ہے۔ ریاست نیویارک کا محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی نے بھی اپنے پسماندہ رہائشی نو تعمیراتی (Low-rise Residential New Construction) پروگرام کے ذریعے 46,000$ فراہم کیے ہیں۔ بفلو شہر کی شہری تجدید کی ایجنسی 950,000$ فراہم کر رہی ہے۔ ریاست نیویارک کی اقامتی اتھارٹی (Dormitory Authority of the State of New York، DASNY) کے ذریعے نیویارک کی ریاستی اسمبلی نے سرمائے کی فنڈنگ کی مد میں 600,000$ فراہم کیے ہیں۔

گزشتہ پانچ سالوں میں، ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نے بفلو شہر میں تقریباً 250$ ملین کی سرمایہ کاری کی ہے جس کی مدد سے کم و بیش 2,500 سستے اپارٹمنٹس بنانے یا انہیں محفوظ بنانے کا کام کیا گیا ہے۔

**ریاست نیویارک ڈویژن برائے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت کی رہنمائی میں، اور استطاعت میں بہتری لانے اور کمیونٹیز کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، HCR کی جانب سے سستی رہائش کے ترقیاتی کام کے ذریعے پورے بفلو میں مضافاتی علاقوں کے احیائے نو کی کوششوں میں سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ لا پلازا ڈی ورجینیا نے ایک خالی، خستہ حال عمارت کی جگہ لے لی ہے جہاں ایک نیا تعمیر شدہ مخلوط استعمال والا کمپلیکس موجود ہے جو 46 بزرگ شہریوں کے لیے ایک محفوظ، مستحکم گھر بن جائے گا، جس میں ان کے لیے معاونتی خدمات موجود ہیں جو ان کے محتاج ہوں۔ ہم امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ میں اپنے شراکت داروں، NYSERDA، ریاست نیویارک محکمۂ صحت، اکاسیا، اور HUB کے شکر گزار ہیں کہ یہ قابل ذکر ترقیاتی کام مکمل کرنے میں انہوں نے کام کیا ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی CEO، صدر اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "لا پلازا ڈی ورجینیا، جو کم آمدنی والے بزرگ شہریوں کی ہاؤسنگ کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو پورا کرنے میں مدد کرے گا، یہ پلازا گورنر Hochul کے مضبوط عزم کی حمایت کرتا ہے کہ ریاست نیویارک کو رہنے کی زیادہ مساوات والی ایک جگہ بنایا جائے۔ بیٹر بفلو فنڈ پروگرام سے 1.9$ ملین کا قرض شامل کرتے ہوئے، اور زندگی کے معیار کو بہتر بنانے اور بفلو کے مضافاتی علاقوں کو تبدیل کرنے کے لیے اس پروگرام کے اہداف کو آگے لے جاتے ہوئے، ہم اس دلچسپ پروجیکٹ کی حمایت کرنے پر فخر محسوس کر رہے ہیں۔"

**نیو یارک سٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا،** "لا پلازا ڈی ورجینیا کی تکمیل کا مطلب ہے کہ سستی، توانائی کے باکفایت استعمال والے مکانات تک بفلو کے بزرگ شہریوں کی رسائی کو بڑھا دیا گیا ہے جس میں اعلیٰ کارکردگی والے آلات شامل ہیں۔ اس طرح کے موسمیاتی منصوبے، ایک صحت مند عمارتی سلسلہ تیار کر رہے ہیں جبکہ صاف توانائی کی منتقلی میں نیویارک کے سب سے زیادہ زدپذیر شہریوں کو شامل کیا گیا ہے۔"

**ریاست نیویارک کے صحت کے قائم مقام کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا،** "لا پلازا ڈی ورجینیا بزرگ شہریوں کے اپارٹمنٹس اس بات کی ایک اور مثال ہیں کہ نیویارک کے تمام شہریوں کو محفوظ اور سستی رہائش تک کس طرح رسائی حاصل ہونی چاہیئے، اور بزرگ شہریوں کے معاونتی رہائشی اپارٹمنٹس نہ صرف رہائشیوں کی مجموعی صحت میں بہتری لائیں گے، بلکہ ان کے لیے ممکن بنائیں گے کہ وہ اپنی کمیونٹی میں برقرار اور کمیونٹی کے اندر فعال رہیں۔ امپائر سٹیٹ معاونتی رہائشی اقدام کے لیے میں گورنر Hochul کی ثابت قدمی پر ان کا شکریہ ادا

کرتا ہوں جس کی وجہ سے یہ ممکن ہوا کہ لوگوں کو اپنے مضافاتی علاقوں میں بے گھر ہونے کی بجائے محفوظ رہائش کی طرف منتقل کیا جائے۔"

**ریاست نیویارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ترقی کی منازل طے کرنے میں، نیویارک کے شہریوں اور کمیونٹیز کی مدد کرنے کے لیے زیادہ سستی رہائش کے مواقع پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔ لا پلازا ڈی ورجینیا کی تکمیل میں کئی سال لگے ہیں اور یہ بفلو شہر کے ہمارے بزرگ شہریوں کے لیے ایک بڑی فتح ہے۔ 46 نئے سستے اور پائیدار گھروں کی تخلیق کے علاوہ، لا پلازا ڈی ورجینیا ایک ایسی کمیونٹی فراہم کرتا ہے جہاں بزرگ افراد آزادی، وقار اور تعلیمی اور فلاح و بہبود کی خدمات تک رسائی کے مواقع کے ساتھ اپنی عمر کے مطابق زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ اجتماعی طور پر، یہ تعمیر بفلو کمیونٹی کو آنے والی دہائیوں تک مضبوط اور ترقی یافتہ بنا دے گی۔"

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا،** "ہسپانوس یونیڈوس ڈی بفلو کی قیادت میں، یہ پروجیکٹ، وفاقی کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے اور بزرگ شہریوں کے ایک سستے رہائشی مقام اور کمیونٹی کی اکٹھی منزل کو مغربی جانب یکجا کر دیتا ہے۔ قریبی نیاگرا اسٹریٹ میں 42$ ملین کی وفاقی سرمایہ کاری کی بدولت، بفلو کے رہائشیوں کا یہ نیا گھر مثالی طور پر ایک ایسے گردونواح میں واقع ہے جہاں پُررونق تجدید کا کام ہو رہا ہے اور رالف ولسن سینٹینیئل پارک سے چند بلاکس کے فاصلے پر موجود ہے، جہاں فاؤنڈیشن اور وفاقی سرمایہ کاری کی بدولت انقلابی تبدیلی کا کام انجام پا رہا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "خاص طور پر ہمارے بزرگ شہریوں کے لیے، سستی رہائش میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے، نیویارک میں رسائی، معاونتی خدمات، اور کمیونٹی پر مرکوز مقامات کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سلسلہ جاری و ساری ہے۔ یہ پروجیکٹ ہسپانوس یونیڈوس ڈی بفلو اور وفاقی، ریاستی اور شہری شراکت داروں کے درمیان ایک حقیقی تعاون تھا اور میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ لا پلازا ڈی ورجینیا نے کمیونٹی کے لیے اپنے دروازے کھول دیئے ہیں۔"

**رکن اسمبلی Jon D. Rivera نے کہا،** "ورجینیا اسٹریٹ پر لا پلازا ڈی ورجینیا کا 46 یونٹ والا مخلوط استعمال کا ہاؤسنگ کمپلیکس، ہمارے علاقے کی بزرگ آبادی کے لیے انتہائی ضروری سرمایہ کاری کی نمائندگی کرے گا۔ اس مقام پر، HUB کی جانب سے ہماری عمر رسیدہ کمیونٹی کے لیے خصوصی خدمات اور سہولیات کا ایک سلسلہ فراہم کرنے کی اپنی دیرینہ روایت کو قائم رکھا جائے گا۔ مجھے فخر ہے کہ یہ پروجیکٹ ہماری کمیونٹیز میں سب سے زیادہ زدپذیر لوگوں کے لیے جدید، سستی رہائش فراہم کرنے کے لیے ریاست نیویارک کے عزم کا مزید ثبوت پیش کرے گا۔"

**ایری کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Mark C. Poloncarz نے کہا،** "اس پروجیکٹ سے اس نقطۂ نظر کو سمجھنے میں مدد ملی ہے کہ گردونواح کے موجودہ رہائشی کسی پُرکشش ڈھانچے کے متلاشی تھے جو کمیونٹی کی ضرورت کو پورا کرے۔ بفلو شہر میں ہمارے کچھ انتہائی زدپذیر رہائشیوں کے لیے رہنے کی ایک متحرک جگہ بنانے میں مدد کرنے کے لیے، ریاست نے سرمایہ کاری کا جو سلسلہ شروع کیا ہوا ہے، اس سلسلے میں بزرگ شہریوں کے لیے سستے اور معاون مکانات کی فراہمی جدید ترین قدم ہے۔"

**اکاسیا نیٹ ورک کے صدر Raul Russi نے کہا،** "اکاسیا نیٹ ورک کو ٹیم کی حیرت انگیز کوششوں اور مستقل مزاجی پر فخر ہے جو ہمارے ملحقہ ادارے، ہسپانوس یونیڈوس ڈی بفلو (HUB) کے مرکزی کیمپس کے قریب بفلو کے قلب میں، اس پروجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے درکار تھی۔ پورٹو ریکو میں پیدا ہونے والے ایک بفلونین کے طور پر، میں نے اپنے غیر منفعتی خدمات کے کیریئر سے پہلے کئی دہائیوں تک بفلو شہر اور اسٹیٹ آف نیویارک میں خدمات انجام دی ہیں، لا پلازا ڈی ورجینیا ہمارے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ ہمارے سب سے زیادہ زدپذیر گردونواح کے لوگوں کے لیے موقع اور استحکام کے راستے پیدا کیے جائیں تاکہ وہ ایسی کمیونٹیز میں رہ سکیں جنہیں وہ گھر پکار سکیں۔"

**اکاسیا نیٹ ورک کی CEO Lymaris Albors نے کہا،** "اکاسیا نیٹ ورک کو بہت خوشی ہے کہ لا پلازا ڈی ورجینیا کے ذریعے ہمارے مضبوط پورٹ فولیو میں انتہائی مطلوبہ مکانات کے 46 یونٹس شامل ہو گئے ہیں، جس میں ریاست نیویارک بھر سے سستے اور معاونتی مکانات کے 4,000 سے زائد یونٹس پہلے ہی شامل ہیں۔ یہ پروجیکٹ ان ناقابل یقین نتائج کا ایک ثبوت ہے جو اس وقت مکمل ہو سکتے ہیں جب اقلیتی، غیر منافع بخش سستے ہاؤسنگ ڈویلپرز، عوامی اور نجی شراکت داروں کے ساتھ مل کر مشن پر مبنی پروجیکٹس تیار کریں جو ہماری کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کرتے ہوں۔"

**HUB کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Eugenio "Geno" Russi نے کہا،** "لا پلازا ڈی ورجینیا ایک ایسے نواحی علاقے کے اندر بزرگ شہریوں کی سستی رہائش کی شدید ضرورت پوری کرے گا جو طویل عرصے سے ہسپانوس یونیڈوس ڈی بفلو کے لیے مرکزی کیمپس کے طور پر کام کر رہا ہے، جہاں اس کمیونٹی کے اندر کمزور بزرگ بالغ افراد کے لیے پہلے سے مضبوط پروگرامنگ پیش کی جاتی ہے۔ ہم اپنے عملے، اپنے بورڈ، اور اپنے شراکت داروں اور فنڈ دہندگان - بشمول گورنر Hochul اور ریاست نیویارک، بفلو شہر اور میئر Byron Brown، کے علاوہ سابق ممبران اسمبلی Sean Ryan اور Jonathan Rivera کا شکریہ ادا کرتے ہیں- کہ اس پروجیکٹ کو ممکن بنایا گیا ہے، اور ہم آنے والی دہائیوں تک اپنی کمیونٹیز کی خدمت مسلسل جاری رکھنے کی راہ دیکھ رہے ہیں۔"

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں